Potatoes (boiled and mashed)	2
Breadcrumbs	1 cup
Eggs (beaten)	2
Red chilli powder	1 tsp
Onion (chopped)	¼ cup
Green chillies (chopped)	2 tbsp
Fresh coriander(chopped)	¼ cup
Tamarind pulp	¼ cup
Cumin seeds (roasted and crushed)	1 tbsp
Salt	to taste
Oil	for frying
Broccoli	for decoration

Method:

Heat 2 tbsp oil in a frying pan; fry cauliflower flowers; remove.
Mix all ingredients except cauliflower and cheese in a bowl.
Spread little batter on palm, put one flower and one cube cheese in centre and shape into kebab.
Repeat process to make more kebabs.
Coat first with eggs, then breadcrumbs.
Heat oil in a frying pan and fry cutlets golden from both sides; dish out.
Decorate dish with broccoli

پنیراور گوبھی کے کٹلٹس

اجزاء:

پھول گوبھی کے پھول	½ پیالی
پنیر (چوکور کٹا ہوا)	½ پیالی
آلو (اُبلے اور بھرتہ کیے ہوئے)	2 عدد
ڈبل روٹی کا چورہ	ایک پیالی
انڈے (پھینٹے ہوئے)	2 عدد
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پیاز (چوپ کی ہوئی)	¼ پیالی
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	¼ پیالی
املی کا گودا	¼ پیالی
بھنا اور کٹا ہوا سفید زیرہ	ایک کھانے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے
بروکلی	سجانے کے لئے

ترکیب:

فرائنگ پین میں 2 کھانے کے چمچے تیل گرم کریں اور پھول گوبھی تل کر نکال لیں۔ ایک پیالے میں علاوہ گوبھی اور پنیر تمام اجزاء ملالیں۔ ہتھیلی پر آلو کا تھوڑا سا آمیزہ لیں۔ اس کے درمیان میں ایک گوبھی کا پھول اور پنیر کا ٹکڑا رکھ کر اسے کباب کی شکل دے دیں۔ اس عمل کو دہراتے ہوئے سارے آلو کے کباب بنالیں۔ انہیں پہلے انڈے، پھر ڈبل روٹی کے چورے میں لپیٹ لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور کٹلٹس کو دونوں جانب سے سنہری تل کر ڈش میں نکالیں، ڈش کو بروکلی سے سجادیں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

Cashew nut and Chicken Salad

Ingredients:

Chicken pieces (boneless and boiled)	3
Cashew nuts	1 cup
Tie Pasta (boiled)	2 cups
Brown sugar	¼ cup
Lemon juice	3 tbsp
White vinegar	1 tbsp
Fresh cream	2 cups
Black pepper (crushed)	¼ tsp
Celery (chopped)	2 cups
Capsicum (finely cut)	½ cup
Onion (finely cut)	1
Salt	1 pinch

Method:

- Mix brown sugar, pepper, cream, lemon juice, vinegar and salt in a bowl.
- Mix pasta, capsicum, onion, chicken and celery in a separate bowl and dish out.
- Pour cream dressing over the salad and garnish with cashew nuts.

کاجو اور مرغی کا سلاد

اجزاء:

مرغی کی بونیاں (بغیر ہڈی اُبلی ہوئی)	3 عدد
کاجو	ایک پیالی
ٹائی پاستا (اُبلا ہوا)	2 پیالی
براؤن چینی	¼ پیالی
لیموں کا رس	3 کھانے کے چمچے
سفید سرکہ	ایک کھانے کا چمچہ
تازہ کریم	2 پیالی
کُٹی ہوئی کالی مرچ	¼ چائے کا چمچہ
سیلری (چوپ کی ہوئی)	2 پیالی
شملہ مرچ (باریک کٹی ہوئی)	½ پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
نمک	ایک چٹکی

ایک پیالے میں براؤن چینی' کالی مرچ' کریم' لیموں کا رس' سرکہ اور نمک ملا لیں۔ ایک علیحدہ پیالے میں پاستا' شملہ مرچ' پیاز' مرغی اور سیلری ملا کر ڈش میں نکالیں' اس کے اُوپر کریم کا آمیزہ ڈالیں اور کاجو سے سجا دیں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

Tomato and Sausages Pasta

Ingredients:

Fettuccine pasta (boiled)	2 cups
Onion (finely cut)	1
Garlic (chopped)	3 cloves
Sausages	4
Tomatoes (chopped)	2
Cherry tomatoes	6
White vinegar	2 tbsp
Black pepper (crushed)	¼ tsp
Basil leaves	½ cup
Salt	¾ tsp
Olive oil	3 tbsp
Basil leaves, Parmesan cheese (grated)	for sprinkling

Method:

- Heat oil in a wok and fry onion and garlic.
- Add sausages and cook for few minutes; add tomatoes, vinegar, pepper, basil and salt.
- Arrange pasta in a serving dish; place sausages in the centre; sprinkle basil leaves and cheese on top and serve.

ٹماٹر اور ساسجز والا پاستا

اجزاء:

فیٹوچینی پاستا (اُبلا ہوا)	2 پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
لہسن (چوپ کئے ہوئے)	3 جوے
ساسجز	4 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے)	2 عدد
چیری ٹماٹر	6 عدد
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ	1/4 چائے کا چمچ
تلسی کے پتے	1/2 پیالی
نمک	3/4 چائے کا چمچ
زیتون کا تیل	3 کھانے کے چمچے
تلسی کے پتے، پارمیزان پنیر (کدوکش)	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کرکے پیاز اور لہسن بھونیں، اس میں ساسجز ڈال کر چند منٹ تک پکائیں، پھر ٹماٹر، سرکہ، کالی مرچ، تلسی اور نمک ملالیں۔ سرونگ ڈش میں پاستا رکھیں، اس کے درمیان میں ساسجز ڈالیں اور تلسی کے پتے اور پنیر چھڑک دیں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

Chicken Burger

Ingredients:

Chicken mince	200 grams
Round buns	2
Onion (cut into rounds)	1
Onions, green chillies (finely cut)	2 each
Black pepper (crushed)	¼ tsp
Red chilli powder	½ tsp
Hot spices powder	½ tsp
Ginger (finely cut)	1-inch piece
Soya sauce	1 ½ tbsp
Chilli sauce	3 ½ tbsp
Egg	1
Mayonnaise	5 tbsp
Fresh coriander (chopped)	2 tbsp
Oil	3 tbsp
Salt	to taste
Butter	2 tbsp
Mayonnaise, iceberg lettuce,	as required

Method:

- Mix ½ finely cut onion, green chillies, hot spices, pepper, red chillies, ginger, ½ soya sauce, ½ chilli sauce, ½ mayonnaises, egg, fresh coriander and salt in mince; freeze for 10 minutes.
- Make two kebabs from mince; heat oil in a frying pan and fry kebabs golden from both sides; remove.
- In same frying pan add remaining ½ onion, remaining soya sauce and chilli sauce; cook for 2 minutes and remove.
- Cut buns into halves; apply little butter on insides and roast on an iron griddle.
- Layer bottom halves of buns with iceberg lettuce, kebab, onion rings and cheese; spread remaining mayonnaise on top and cover with other halves.

چکن برگر

اجزاء:

مرغی کا قیمہ	200 گرام
گول بن	2 عدد
بڑی پیاز (گول کٹی ہوئی)	ایک عدد
پیاز ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	2،2 عدد
کٹی ہوئی کالی مرچ	¼ چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	½ چائے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ	½ چائے کا چمچہ
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	ایک انچ کا ٹکڑا
سویا ساس	1½ کھانے کے چمچے
چلی ساس	3½ کھانے کے چمچے
انڈہ	ایک عدد
مایونیز	5 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچے
تیل	3 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
مکھن	2 کھانے کے چمچے
مایونیز' آئس برگ لیٹس' پنیر کے سلائس	حسب ضرورت

ترکیب:

ایک پیالے میں قیمہ' ½ باریک کٹی ہوئی پیاز' ہری مرچیں' کالی مرچ' گرم مصالحہ' لال مرچ' ادرک' ½ سویا ساس' ½ چلی ساس' ½ مایونیز' انڈہ' ہرا دھنیا اور نمک ملا کر 10 منٹ کے لئے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں' فرائنگ پین میں تیل گرم کریں۔ قیمے کے 2 کباب بنائیں اور انہیں دونوں جانب سے سنہری تل کر نکال لیں۔ اس فرائنگ پین میں باقی پیاز' باقی سویا ساس اور باقی چلی ساس ڈال کر 2 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ بن گولائی میں درمیان کاٹیں' ان کے دونوں حصوں پر تھوڑا سا مکھن لگا کر توے پر سینک لیں۔ بن کے نچلے حصوں پر پہلے آئس برگ لیٹس' پھر کباب' گول کٹی ہوئی پیاز' پنیر رکھیں' اس پر باقی مایونیز ڈال کر اوپری حصے پر رکھ دیں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

Strawberry Pie

Ingredients:

Refined flour (sieved)	1 ¼ cup
Icing sugar	2 tbsp
★ Butter (unsalted)	½ cup
Icecold water	4 tbsp
Egg (beaten)	½
Salt	1 pinch

Filling Ingredients:

Strawberries (cut in halves)	1 cup
Chocolate (melted)	½ cup
Strawberry jelly crystals	350 grams
Strawberries, fresh cream (whipped)	for garnishing

Method:

- Mix flour, sugar, egg and butter in a bowl with a fork till crumbly.
- Add water and knead into dough; refrigerate for 1 hour.
- Roll out into a disc and set in a deep Pyrex dish; place butter paper over it and put kidney beans on top.
- Bake dish in a pre-heated oven at 180°C for 20 minutes; remove paper and beans and allow to cool.
- Remove from dish and layer with melted chocolate; refrigerate for a little while; layer with strawberries.
- Heat 1 cup water in a saucepan and dissolve jelly crystals; allow to cool.
- Pour jelly on top of strawberries and refrigerate to set.
- Garnish pie with cream and strawberries and serve.

★ Use refrigerated butter

اسٹرابیری پائی

اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	1¼ پیالی
باریک پسی ہوئی چینی	2 کھانے کے چمچے
★ بغیر نمک کا مکھن	½ پیالی
برف کا پانی	4 کھانے کے چمچے
انڈہ (پھینٹا ہوا)	½ عدد
نمک	ایک چٹکی

بھرنے کے اجزاء:

اسٹرابیریز (درمیان سے کٹی ہوئی)	ایک پیالی
پگھلی ہوئی چاکلیٹ	½ پیالی
اسٹرابیری جیلی کرسٹلز	350 گرام
اسٹرابیریز تازہ کریم (پھینٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ترکیب:

پیالے میں میدہ، چینی، انڈہ اور مکھن کانٹوں کی مدد سے ڈبل روٹی کے چورے کی طرح سے کرلیں پھر پانی شامل کرکے اسے گوندھیں اور ایک گھنٹے کے لئے فرج میں رکھ دیں۔ اس کی روٹی بیل کر گہری پائی ڈش پر سیٹ کردیں پھر چکنا کاغذ رکھ کر لوبیا رکھ دیں۔ ڈش کو پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 20 منٹ تک پکا کر نکالیں اور ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھ دیں۔ اسے ڈش سے نکالیں اس پر پگھلی ہوئی چاکلیٹ کی تہہ لگا کر تھوڑی دیر کے لئے فرج میں رکھ دیں۔ اس پر اسٹرابیریز کی تہہ لگائیں۔ ساس پین میں ایک پیالی پانی گرم کریں اور جیلی کرسٹلز گھول کر تھوڑا ٹھنڈا کریں اور اسٹابیریز پر ڈال کر فرج میں جمنے کے لئے رکھ دیں۔ مزیدار پائی کریم اور اسٹابیریز سے سجا کر پیش کریں۔

★ مکھن فرج میں رکھا ہوا استعمال کریں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

Carabon

Ingredients:

Condensed milk	1 cup
Butter	2 tbsp
Melted chocolate	1 cup

Method:

- Cook condensed milk and butter in a Pyrex dish in a microwave oven for 3 minutes; stir with a spoon after every 10 seconds.
- When milk turns golden remove from microwave.
- When cool, make small balls and coat with chocolate.
- Put chocolates in paper cups and refrigerate.

کیرابون

اجزاء:

کنڈینسڈ ملک	ایک پیالی
مکھن	2 کھانے کے چمچے
پگھلی ہوئی چاکلیٹ	ایک پیالی

ترکیب:

ایک پائریکس کی ڈش میں کنڈینسڈ ملک اور مکھن ڈال کر مائیکروویو اوون میں 3 منٹ کے لئے گرم کریں۔ اس دوران ہر 10 سیکنڈ کے بعد چمچہ چلائیں۔ جب آمیزہ سنہری ہو جائے تو اسے مائیکروویو اوون سے نکال لیں۔ جب تھوڑا سا ٹھنڈا ہو جائے تو اس کی چھوٹی چھوٹی گیندیں بنائیں اور چاکلیٹ میں لپیٹ لیں۔ چاکلیٹس کو کاغذی پیالیوں میں رکھ کر فرج میں رکھ دیں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

Malaysian Curry

Ingredients:

Chicken pieces (boneless)	½ kg
Onions	2
Yogurt	1 cup
Ginger/garlic paste	2 tsp
Coconut milk	1 cup
Green chillies	4
Lemon juice	4 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Fennel powder	1 tsp
Curry leaves	6
Salt	to taste
Dried, round red chillies	6
Oil	½ cup
Fresh coriander	4 tbsp

Method:

- Blend yogurt, onion and green chillies in a blender and remove in a bowl.
- Add chicken pieces and remaining ingredients; keep aside for ½ hour.
- Cook in a pot on low flame till dry.
- Add coconut milk and cook for few minutes; dish out.
- Heat oil in a frying pan and fry red chillies and curry leaves; pour on dish; serve hot.

ملائشین کری

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	½ کلو
پیاز	2 عدد
دہی	ایک پیالی
پسا ہوا لہسن ادرک	2 چائے کے چمچے
ناریل کا دودھ	ایک پیالی
ہری مرچیں	4 عدد
لیموں کا رس	4 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی سونف	ایک چائے کا چمچہ
کڑھی پتے	6 عدد
سوکھی گول لال مرچیں	6 عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی
ہرا دھنیا	4 کھانے کے چمچے

ترکیب:

بلینڈر میں دہی پیاز اور ہری مرچیں ملا کر پیس اور ایک پیالے میں نکال لیں۔ اس میں مرغی کی بوٹیاں اور باقی اجزاء ملا کر ½ گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ اسے دیگچی میں ڈالیں اور ہلکی آنچ پر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں ناریل کا دودھ ملا کر چند منٹ تک پکائیں پھر ڈش میں نکال لیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کرکے لال مرچیں اور کڑھی پتے تل کر ڈش پر ڈالیں اور گرما گرم پیش کریں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

حاذق الہند حکیم سید ظفریاب علیؒ شاہ دہلوی کے پوتے
رئیس اعظم طبیب العصر حکیم سید ظفر عسکریؒ کے صاحبزادے

پروفیسر ڈاکٹر حکیم سید اے این عسکری

پاکستان BUMS امریکہ PhD, D.D, MDH, NMD, MD امریکہ
شاہی طبیب علمائے دین سلطنت عزت مآب نواب آف جوناگڑھ اسٹیٹ

360 سالہ طبی خدمات

عزت مآب جناب نواب آف جوناگڑھ اسٹیٹ جہانگیر خانجی، سجادہ نشین حضرت سلطان باہو حضرت سلطان احمد علی صاحب پروفیسر حکیم سید اے این عسکری کیساتھ ملاقات کے موقع پر

خاص امراض کا علاج

حضور خاتم المرسلین تمام اقوام و امم کے لئے ایک نسخہ شفاء لے کر آئے۔ آپ کا یہ آخری صحیفہ خداوندی مشرق و مغرب اور شمال و جنوب میں بسنے والی ہر قوم کے لئے یکساں شفاء بخش ہے۔ جب بھی اور جس قوم نے بھی اس حیات آفریں نسخہ کو حرز جان بنایا اس سے حیات تازہ حاصل کی۔

مرض قلب

سوال جناب پروفیسر حکیم سید عسکری صاحب میری عمر 42 سال ہے میں ڈھائی سال سے دل کے مرض میں مبتلا ہوں دن میں کسی بھی وقت دل ڈوبنا شروع ہوتا ہے ماتھے پر پسینہ آتا ہے اور بے سدھ ہو کر بستر پر لیٹ جاتا ہوں کچھ دیر بعد طبیعت درست ہو جاتی ہے کبھی کبھی دل میں درد اٹھتا ہے جو کمر اور بازو کی طرف جاتا ہے یہ درد کبھی شدید اور کبھی ہلکا ہوتا ہے اینجیوگرافی رپورٹ میں ڈاکٹرز نے دل کی دو شریانیں بند ہونے کی تصدیق کی ہے میں بائی پاس سے ڈرتا ہوں میرے ایک دوست نے بتایا کہ سات سال قبل اس کی حالت بھی ایسی ہی تھی اس نے آپ سے علاج کروایا اور وہ اب تک نارمل ہے اور میرے بہنوئی جسے دل کا مرض لاحق تھا تین سال قبل ڈاکٹر نے بائی پاس کا کہا تھا مگر میرے دوست کے اصرار پر آپ سے دوا نسخہ قلب خاص منگوا کر استعمال کیا اور وہ اللہ کے فضل سے بالکل صحت یاب ہیں برائے کرم آپ مجھے بھی نسخہ قلب خاص تجویز فرما کر میرے اس پتہ پر ارسال کر دیں میں تازندگی آپ کو دعائیں دونگا (میں نے رپورٹس ای میل کر دی ہیں)

جواب عبدالحمید وارثی صاحب آپ کی تمام رپورٹس دیکھنے کے بعد آپ کیلئے اختلاج قلب کا بہترین نسخہ خاص تجویز کیا ہے 90 دن استعمال کریں انشاءاللہ دل کا مرض تاحیات نہ ہوگا۔

قد میں اضافہ (ان شاء اللہ قد بڑھے گا)

(ریاض احمد کراچی 21 سال، زاہدہ دبئی 22 سال، شمیر خان شارجہ 18 سال)
(انجیا پاٹیل ممبئی بھارت 21 سال) (بابر خان مردان 19 سال)
(زوبیہ قمر لاہور 18 سال) (صائمہ کراچی 20 سال) (عارفہ جاوید کوئٹہ 22 سال)

سوال ان تمام قارئین کا ہائٹ کورس کے استعمال سے اگلے قد میں حیرت انگیز تیزی سے اضافہ شروع ہو گیا ہے اور یہ اپنے علاج سے بہت خوش ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ خدا کا شکر ہے ہمارا احساس کمتری ختم ہو گیا ہے اور انشاءاللہ اگر ہمارے قد میں اضافہ اسی تیزی سے ہوتا رہا تو ہم جلدی بڑے قد والوں میں شمار ہو جائے گے ہم آپ کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔

جواب کورس کو ختم ہونے سے پہلے منگوا لیں انشاءاللہ ہر ماہ قد میں 2 انچ تک کا اضافہ یقینی ہے اس لاجواب نسخہ کو 90 دن استعمال کریں انشاءاللہ 4 سے 6 انچ تک قد بڑھے گا دودھ دہی مکھن تازہ پھل سبزیاں وغیرہ ورزش تیراکی کھیل کود میں حصہ لیں اور خوش رہیں۔ حسد، غیبت، کینہ اور بغض سے بچیں۔ پنج وقتہ نماز ادا کریں۔ 100% نتائج حاصل کرنے کے لئے اپنے معالج کی ہدایات پر 100% عمل کریں اور حیرت انگیز نتائج حاصل کریں۔

موٹاپے کے مسائل

(کاشف کراچی 20 سال، بینش دبئی 23 سال، ذیشان خیالی دبئی 18 سال)
(انیلہ جاوید بنگلور بھارت 21 سال) (اسماعیل خان پشاور 19 سال)
(زوبیہ قمر لاہور 18 سال)

یہ سب خواتین کہتی ہیں کہ وہ اپنے موٹاپے کی وجہ سے بے حد پریشان تھیں اور کسی محفل میں جانے سے کتراتی تھیں کہیں تنقید کا نشانہ نہ بن جائیں اپنے آپ کو دبلا کرنے کی تمام تدابیر کر چکی تھیں مگر ہماری خوشی کی انتہا نہیں ہے حکیم صاحب کے تجویز کردہ سلمنگ کورس کے چند ماہ کے استعمال سے ان سب کا وزن تیزی سے کم ہوا ہے۔ (فضیلہ شاہ (دبئی) کہتی ہیں کہ تین ماہ کے سلمنگ کورس سے 23KG وزن کم ہوا، صائمہ (ڈیفنس لاہور) دو ماہ میں 14KG وزن کم ہوا، انجنا کمار (دہلی) تین ماہ میں 22KG وزن کم ہوا، مسز پٹیل (سعودی عرب) ایک ماہ میں سلمنگ کورس سے 07KG وزن کم ہوا، مسز سلیم جعفری (بنگلور بھارت) تین ماہ میں 21KG وزن کم ہوا، مسز میر اخان (کینیڈا) 18KG، عالیہ (جونا گڑھ بھارت) 35KG، شہناز زیب (کراچی) نے 27KG وزن کم کیا۔

سوال سعدیہ خان (پشاور) حکیم صاحب ماہواری ایک یا دو دن بہت کم ہوتی ہے اسکے ساتھ لیکوریا کی بھی شکایت رہتی ہے جسم اور چہرے پر فاضل بال اور رنگت سیاہی مائل ہو رہی ہے تین سال قبل میرا وزن 52KG تھا جب کے میرا وزن 115KG ہے شدید الجھن کی شکار ہوں خدا کیلئے میرا مسئلہ حل فرما دیں میں تازندگی آپ کی مشکور رہوں گی۔

جواب محترمہ سعدیہ خان صاحبہ آپ میٹابولیک سسٹم کی خرابی اور ہارمونز کی خرابی کی شکار ہیں جس کی وجہ صرف وزن کم کرنے کی ادویات اور ورزش کارگر ثابت نہیں ہو رہی کورس منگوا لیں انشاءاللہ 6 ماہ کے علاج سے آپ اپنی 5 سال پہلے والی پوزیشن پر واپس آ جائینگی۔

وزن، قد اور دیگر شعبوں کے مریض ہم سے ادویات بذریعہ پارسل طلب کر سکتے ہیں

نوٹ: رقم آن لائن MCB بینک
اکاؤنٹ نمبر 114902010030421
عسکری بینک اکاؤنٹ نمبر 0320207894 یا بذریعہ
ایزی پیسہ ارسال کر کے مکمل ایڈریس ایس ایم ایس یا ای میل کریں

شفاء منجانب اللہ

موٹاپا کورس پر صرف -/6,500 گوری رنگت، کیل، مہاسوں، جھریوں، چھائیوں کے خاتمے کیلئے خصوصی ڈسکاؤنٹ صرف -/6,500 شوگر، امراض قلب، ہیپاٹائٹس، فالج، لقوہ، کینسر، ٹیومر، جوڑوں کے درد، ریڑھ کی ہڈی، کمر کے مہرے، خواتین کے امراض اوری (رحم) کی سیسٹ، بریسٹ کینسر، خرابی ایام، لیکوریا، زنانہ مردانہ بانجھ پن کے مریض اپنی رپورٹس کے ہمراہ تشریف لائیں یا ای میل کریں۔
کراچی، راولپنڈی، اسلام آباد اور لاہور کے مریض مرض کی تشخیص اور علاج کیلئے کال یا ای میل کے ذریعے اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔

ASKARI HERBAL'S Health & Beauty Clinic

Help Line 0333-2151933 E-mail: askariherballab@gmail.com Facebook/DrASKARI Skype/dr.askari

CLINICS: Islamabad 0305-2799901, Lahore Old City Pani Wala Talab 0312-3419070

ایم اے جناح روڈ 10/5-10، فلور رمپا پلازہ ایم اے جناح روڈ کراچی فون: 021-32723680 | ڈیفنس فیز V 1st فلور 27th اسٹریٹ، پلاٹ نمبر C-21، توحید کمرشل ایریا، ڈی ایچ اے، کراچی فون: 021-35834872

www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

LIVELY WEEKENDS

Mint Chocolate Cupcakes

Ingredients:

Refined flour (sieved)	225 grams
Baking powder	1 tbsp
Cocoa powder	4 tbsp
Castor sugar	225 grams
Butter	225 grams
Eggs	4
Mint essence	1 tsp
Chocolate chips	100 grams

Icing ingredients

Icing sugar	225 grams
Mint essence	1 tsp
Green food colour	few drops
Butter	125 grams
Big chocolate chips	for garnishing

Method:

Mix butter, sugar and eggs in a bowl with an electric beater.
Add flour, essence, cocoa powder, baking powder and chocolate chips and mix with a spoon.
Set paper-cups in a muffin tray; fill batter with a spoon in cups. Bake in a pre heated oven at 160°C for 20 minutes.
Mix icing ingredients in a bowl with an electric beater.
Fill piping bag with it and decorate cupcakes with icing. Arrange chocolate chips on top. Serve.

منٹ چاکلیٹ کپ کیکس

اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	225 گرام
بیکنگ پاؤڈر	ایک کھانے کا چمچہ
کوکو پاؤڈر	4 کھانے کے چمچے
کاسٹر چینی	225 گرام
مکھن	225 گرام
انڈے	4 عدد
پودینے کا ایسنس	ایک چائے کا چمچہ
چاکلیٹ چپس	100 گرام

آئسنگ کے اجزاء:

باریک پسی ہوئی چینی	225 گرام
پودینے کا ایسنس	ایک چائے کا چمچہ
ہرا رنگ	چند قطرے
مکھن	125 گرام
بڑے والے چاکلیٹ چپس	سجانے کے لئے

ترکیب:

ایک پیالے میں مکھن، چینی اور انڈوں کو الیکٹرک بیٹر کی مدد سے یکجان کرلیں۔ اس میں میدہ، ایسنس، کوکو پاؤڈر، بیکنگ پاؤڈر اور چاکلیٹ چپس ڈالیں اور چمچے کی مدد سے ملالیں۔ مفن ٹرے میں پیپر کپس سیٹ کریں، اس میں چمچے کی مدد سے آمیزہ ڈالیں اور ٹرے کو پہلے سے گرم اوون میں 160°C پر 20 منٹ تک پکا کر نکال لیں۔ ایک پیالی میں آئسنگ کے اجزاء الیکٹرک بیٹر کی مدد سے یکجان کرلیں۔ اسے پائپنگ بیگ میں بھر کر کپ کیکس کے اوپر سجائیں ان پر چاکلیٹ چپس لگا کر پیش کریں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com

Potato, Peas and Raisin Kebabs

Ingredients:

Peas (boiled and mashed)	½ kg
Potatoes (boiled and mashed)	½ kg
Ginger (chopped)	1 tbsp
Desiccated coconut	½ cup
Green chillies (chopped)	1 tbsp
Fresh coriander (chopped)	½ bunch
Raisins	1 tbsp
Lemon juice	3 tbsp
Salt	to taste
Oil	as required
Lettuce (finely cut)	or decoration

Batter ingredients

Gram flour (sieved)	½ cup
Refined flour	3 tbsp
Red chilli powder	1 tsp
Baking soda	1 pinch
Turmeric powder	¼ tsp
Salt	to taste
Oil	1 tbsp + for frying

Method:

- Mix peas, coconut, raisins, ginger, coriander, green chillies, lemon juice and salt in a bowl.
- Spread little potato on your palm; put little pea mixture in the centre and shape into small kebab. Repeat process to make more kebabs.
- Mix batter ingredients in a bowl. Coat kebabs with it.
- Heat oil in a wok and fry kebabs golden; dish out.
- Decorate dish with lettuce and serve.

آلواور مٹر کے کشمشی کباب

اجزاء:

مٹر (ابلے اور بھرتہ کئے ہوئے)	½ کلو
آلو (ابلے اور بھرتہ کئے ہوئے)	½ کلو
ادرک (چوپ کی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچ
پسا ہوا ناریل	½ پیالی
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچ
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	½ گڈی
کشمش	ایک کھانے کا چمچ
لیموں کا رس	3 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	حسب ضرورت
سلاد پتے (باریک کٹے ہوئے)	سجانے کے لئے

آمیزے کے اجزاء:

بیسن (چھنا ہوا)	½ پیالی
میدہ	3 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچ
کھانے کا سوڈا	ایک چٹکی
پسی ہوئی ہلدی	¼ چائے کا چمچ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک کھانے کا چمچ تلنے کے لئے

ترکیب:

ایک پیالے میں مٹر، ناریل، کشمش، ادرک، دھنیا، ہری مرچیں، لیموں کا رس اور نمک ملا لیں۔ ہتھیلی پر تھوڑا سا آلو لیں اس کے درمیان میں تھوڑا سا مٹر کا آمیزہ ڈالیں اور کباب بنا لیں۔ اس عمل کو دہراتے ہوئے پورے آمیزے کے کباب تیار کر لیں۔ ایک پیالے میں آمیزے کے اجزاء ملا لیں، کباب اس میں لپیٹیں لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اور کباب سنہری تل کر ڈش میں نکال لیں ڈش کو سلاد پتوں سے سجا کر پیش کریں۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

چھوٹی سی اجوائن، بے شمار فوائد

کھانوں کو ذائقہ دار بنانے کے ساتھ اجوائن کھانا ہضم کر کے بھوک بڑھاتی ہے

اجوائن کا استعمال بطور دوا زمانہ قدیم بلکہ قبل از مسیح سے ہو رہا ہے۔ کون ہے جو اجوائن کی افادیت سے واقف نہیں۔ سیاہی مائل بھورے رنگ اور تیز خوشبو کی مالک اجوائن کی 2 مشہور اقسام ہیں، پہلی دیسی اور دوسری خراسانی۔ اجوائن کو عربی میں کمون ملوکی فارسی میں تخم بنگ اور انگریزی میں کیروم سیڈز (carom seeds) کہتے ہیں۔ اجوائن جڑی بوٹیوں سے تعلق رکھنے والا سدا بہار پودا ہے جس میں سرخ رنگ کے پھول لگتے ہیں۔ ان میں چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں جو بطور مصالحہ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ جب یہ بیج پک کر خشک ہو جاتے ہیں تو انہیں جھاڑ کر الگ کر لیا جاتا ہے۔ ان بیجوں کو ہم اجوائن کے نام سے جانتے ہیں۔

کھانوں کو ذائقہ دار بنانے کے ساتھ ساتھ اجوائن کھانا ہضم کر کے بھوک بڑھاتی ہے۔ اس کا مسلسل استعمال فالج اور اعصابی طور پر کمزور مریضوں کے لئے انتہائی مفید ہے، یہ جسم کے زہریلے مادوں کو تحلیل کرتی ہے اور دل کو طاقت دیتی ہے۔

اگر چہرے اور ہاتھ پیروں میں سوجن آ جاتی ہو تو اجوائن کو شہد کے ہمراہ کھائیں۔

زکام کی صورت میں اجوائن کو گرم کریں اور باریک کپڑے میں باندھ کر سونگھیں۔ اس سے چھینکیں آتی ہیں جس سے زکام کا زور ہلکا پڑ جاتا ہے۔

اجوائن کے چند دانے چبا لینے سے اُلٹی فوراً رک جاتی ہے اور یہی چند دانے منہ کا خراب ذائقہ بھی ٹھیک کر دیتے ہیں۔

ایک جدید تحقیق کے مطابق اجوائن میں لیوٹیوئل (luteonil) نامی ایسا قدرتی مرکب پایا جاتا ہے جو بڑی عمر میں یادداشت کی کمزوری اور بھولنے کے مرض سے حفاظت میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

ایک کھانے کے چمچے اجوائن میں ہم وزن سفید زیرہ اور ایک چٹکی ادرک کا پاؤڈر ملا کر روزانہ استعمال کرنے سے تیزابیت سے، جب کہ تھوڑی سی اجوائن پانی کے ہمراہ پینے سے جگر اور آنتوں کے درد سے نجات ملتی ہے۔

بھوک نہ لگتی ہو اور پیٹ اکثر و بیشتر خراب رہتا ہو تو 3 چائے کے چمچے اجوائن کو 2 چائے کے چمچے لیموں کے رس میں ڈالیں اور اسے سائے میں رکھ کر سکھائیں۔ اس میں تھوڑا سا کالا نمک ملائیں اور نیم گرم پانی کے ہمراہ دن میں 3 مرتبہ کھائیں۔ اگر پیٹ میں مستقل درد رہتا ہے تو ایک چائے کا چمچہ سونف اور ½ چائے کا چمچہ اجوائن کو 2 پیالی پانی میں ہلکی آنچ پر 5 منٹ تک پکائیں۔ ٹھنڈا ہو جانے پر اسے چھانیں اور ہر کھانے کے بعد ایک پیالی پئیں۔

گیس کی بیماری سے چھٹکارا پانے کے لئے ادرک کا پاؤڈر، اجوائن اور کالا نمک ملائیں۔ گیس ہونے کی صورت میں اس کی تھوڑی سی مقدار کھا لیں۔

ٹشو پیپر میں اجوائن لپیٹ کر سونگھیں۔ نہ صرف شدید سر درد بلکہ درد شقیقہ (migraine) بھی بھاگ جائے گا۔

اجوائن کو پیس کر دہی میں ملائیں اور چہرے پر لگا کر ½ گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں، اس کے بعد نیم گرم پانی سے چہرہ دھولیں۔ اس سے دانوں کے نشان ہلکے پڑ جاتے ہیں۔

وزن کم کرنے میں بھی اجوائن معاون ثابت ہوتی ہے۔ ½ پیالی پانی میں تھوڑی سی اجوائن ڈال کر نہار منہ پینے سے جسم کی اضافی چربی تحلیل ہو جاتی ہے۔ روزانہ صبح ایک چائے کا چمچہ اجوائن کھانے سے ایک ماہ میں 4 سے 5 کلو تک وزن میں کمی کی جا سکتی ہے۔

کالا زیرہ، مار چوب (asparagus)، میتھی دانے اور اجوائن ہم وزن ملا لیں۔ روزانہ صبح نہار منہ اس آمیزے کا ½ چائے کا چمچہ کھانے سے جوڑوں کا درد رفع ہو جاتا ہے۔

ایک پیالی پانی میں 3 کڑھی پتے، 2 کشمش، ایک چٹکی اجوائن اور ایک چٹکی چینی ڈال کر تھوڑی دیر تک پکائیں اور اسے چھان کر پی لیں۔ اگر بال سفید ہو رہے ہوں تو روزانہ یہ پانی پئیں اور پھر اثر دیکھیں۔

ذیابطیس کی شکایت کی صورت میں نیم کے پتے سائے میں سکھائیں۔ انہیں پیس کر ایک بوتل میں بھر لیں۔ ایک چائے کا چمچہ نیم کا سفوف، ایک چائے کا چمچہ دودھ، ½ چائے کا چمچہ اجوائن اور ½ چائے کا چمچہ پسا ہوا سفید زیرہ ملا کر روزانہ رات میں پانی کے ہمراہ کھا لیں۔ ■

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

بیماریوں سے بچنے کے لئے لہسن کھائیں

زمانہ قدیم سے مستعمل لہسن کی افادیت اسے دنیا بھر میں مقبول بنا رہی ہے

لہسن گزشتہ پانچ ہزار سال سے مختلف امراض میں بطور دوا استعمال ہو رہا ہے۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ چھوٹے جوے والا لہسن عام استعمال ہوتا ہے جب کہ پیاز کی شکل کا پہاڑی لہسن جس میں پھانکیں نہیں ہوتیں کم ملتا ہے، تاہم اس کے اثرات زیادہ تیز ہیں۔ لہسن کو عربی میں فوم' فارسی میں سیر' انگریزی میں گارلک روٹ اور پنجابی وسندھی میں تھوم کہتے ہیں۔ ایک مصری دستاویز کے حوالے سے 1550 سال قبل مسیح لہسن سے 22 امراض کی دوائیں تیار ہوئیں۔ روس کے ماہر علم طبیعات'' پائن دی ایلنڈر'' نے اسے 66 قسم کے امراض کا علاج تحریر کیا ہے۔ امریکہ کے ڈاکٹر'' جی بی چانک'' اور'' مارگریٹ جانسن' مسیتو گا یونیورسٹی میں ریسرچ کیمسٹ' بھارت کے نیگور میڈیکل کالج کے ڈاکٹر'' آ رون'' کے علاوہ چین اور جاپان میں بیشتر ڈاکٹروں نے لہسن کو بیماریوں کا علاج دہندہ قرار دیا ہے۔ دنیائے طب کے بابا بقراط نے ڈھائی ہزار سال قبل مسیح لہسن کو قبض کشا کہنے کی ساتھ روز مرہ کی دوا قرار دیا تھا۔ پیغمبر اسلام محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں بہت سے امراض کا علاج قرار دیا تھا وہاں بچھو کے کاٹنے پر لہسن کا پانی استعمال کرنے کی ہدایت کی تھی۔

لہسن کی افادیت اسے دنیا بھر میں مقبول بنا رہی ہے۔ ایک جدید تحقیق کہتی ہے کہ لہسن کئی بیماریوں' خصوصاً دل کے امراض سے بچاؤ میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ امریکی سائنس دانوں کی تحقیق کے مطابق کچا پسا ہوا اور اپنی اصل خوشبو کے ساتھ لہسن دل کے امراض کے لئے زیادہ فائدہ مند ہے۔ یونیورسٹی آف کنٹیکٹ کے اسکول آف میڈیسن کے سائنس دانوں کو پہلی بار اس بارے میں ٹھوس شواہد ملے ہیں کہ تازہ کچلا ہوا لہسن' خشک لہسن کی نسبت دل کے لئے زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ ماہرین کی ایک ٹیم نے یہ تجربہ چوہوں پر کیا۔ انہوں نے 30 دن تک چوہوں کو لہسن کھلایا۔ ان کی تحقیق سے یہ ظاہر ہوا کہ لہسن کے زیادہ تر فائدے اس کے اندر موجود غیر تکسیدی مرکبات کی وجہ سے نہیں ہوتے جیسا کہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے بلکہ ان مرکبات کے بجائے لہسن میں موجود ہائیڈروجن سلفائیڈ وہ واحد کیمیائی جزو ہے جو لہسن کو کاٹنے یا کچلنے کے نتیجے میں بنتا ہے' دراصل دل کے لئے سب سے زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے' یہ جزو خون کی نالیوں کو کشادہ کر دیتا ہے۔ تحقیقاتی ٹیم کے ایک رکن دیپک داس کا کہنا ہے کہ خون کی نالیوں کے کشادہ ہونے سے ان میں دوران خون بہتر ہو جاتا ہے اور اس طرح دل کی کارکردگی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ تاہم ان کا کہنا ہے کہ جب لہسن کو پکا لیا جاتا ہے تو اس میں ہائیڈروجن سلفائیڈ پیدا نہیں ہو سکتا۔

اس کے علاوہ لہسن سے جن امراض میں فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ان کی فہرست طویل ہے جیسا کہ بال خوری کی بیماری' جس میں بھنوؤں اور مونچھوں کے بال گر جاتے ہیں۔ لہسن پیس کر سرمہ ملا کر لگائیں تو بال دوبارہ اُگ آتے ہیں۔ لہسن بیماریوں سے بچاتا ہے' خون کے دباؤ کو کم رکھتا ہے۔ صبح نہار منہ ایک دو کچا لہسن کھاتے رہنے سے دل کے امراض نہیں ہوتے۔ لہسن کے استعمال سے نسیں پھیل جاتی ہیں اور فشار خون خود بخود کم ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ خراب ہونے کی صورت میں لہسن کی چٹنی بنا کر کھائیں تو معدہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

لہسن میں سردی اور دائمی نزلہ وزکام' دمہ' کھانسی' امراض تنفس' آنتوں کی بیماریاں' امراض جلد' بلند فشار خون' فالج' لقوہ' رعشہ' نسیان' بہرا پن' سرطان' ذیابیطس' دردسر' آواز بیٹھنا' مرگی' تپ دق اور بڑھے ہوئے کولیسٹرول جیسے بے شمار امراض کو ٹھیک کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ ■

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

Tops Food & Beverages
3- National Park Road, Rawalpindi, Pakistan. E-mail: tops@comsats.net.pk

www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

☆ کھانا پکانے کے دوران پیاز لال کرنے میں کافی وقت درکار ہوتا ہے' تاہم اگر پیاز کو تلنے کے دوران اس میں چٹکی بھر نمک ڈال دیں تو پیاز فوراً لال ہو جائے گی۔

☆ اگر اپنے عام توے کو نان اسٹک توے میں بدلنا ہے تو آلو یا پیاز کے ایک ٹکڑے کو پہلے ہلکے گرم تیل میں بھگوئیں' پھر اس میں نمک اور سرسوں کا تیل لگا کر توے پر اچھی طرح سے رگڑیں۔ آپ کا نان اسٹک توا تیار ہے۔

☆ اگر دانت صاف نہیں ہیں تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ نمک اور شہد ملا کر اس سے دانت صاف کریں' دانت چمک اٹھیں گے۔ اس کے علاوہ اگر کھانا کھانے کے بعد کوئی پھل کھا لیا جائے تو دانتوں پر میل نہیں جمتی۔ لیموں اور نمک کے آمیزے سے دانت برش کرنے سے بھی پیلے دانت سفید ہو جاتے ہیں۔

☆ دھوپ میں نکلنے سے جل جانے والی رنگت کو درست کرنے کے لئے مسلا ہوا پپیتا اور سوکھا ہوا دودھ ملا کر آمیزہ بنائیں' چہرے کو پانی سے اچھی طرح سے دھو کر خشک کریں اور یہ آمیزہ چہرے اور گردن پر لگائیں۔

☆ چہرے پر دانے نکل آئیں تو کالی مرچوں کو گھس کر چہرے پر لگائیں۔ چند ہی دنوں میں دانے صاف ہو جائیں گے۔

☆ لیموں اور چینی کے آمیزے کو چہرے پر ملیں۔ بلاناغہ یہ عمل دہرانے سے چہرے کے داغ' دھبے' جھائیاں اور دانے صاف ہو جائیں گے۔

☆ جسم میں حیاتین اور معدنیات کی ضرورت کو پورا کرنے کا سب سے بہترین اور اولین ذریعہ انڈے ہیں۔ انہیں اُبال کر کھائیں یا تل کر' یہ جسم کی معدنیات اور حیاتین کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

☆ دہی اگر بہت کھٹی ہوگئی ہے تو اسے ضائع کرنے کے بجائے اس میں چاندی کے زیور بھگو دیں اور تھوڑی دیر بعد دھولیں زیور بالکل چمک اٹھیں گے۔

☆ قالین پر اگر چائے گر جائے تو اس جگہ فوراً پسا ہوا نمک چھڑک دیں' خشک ہونے پر گیلے کپڑے سے صاف کرلیں' چائے کا دھبا غائب ہو جائے گا۔

☆ چمڑے کی اشیاء کو چمکانے کے لئے نرم کپڑے کو لیموں کے رس میں ڈبو کر ان اشیاء پر رگڑیں' چمڑے کی اشیاء چمک اٹھیں گی۔

☆ ایش ٹرے میں تھوڑا سا بیکنگ پاؤڈر ڈال دیں' سگریٹ کی بو آپ کے علاوہ دوسروں تک نہیں پہنچے گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

ٹوٹکے

سر میں درد کے لئے

چائے کے ٹھنڈے قہوے میں لیموں کا رس ملا کر اسے بچے کے ماتھے' گلے اور گالوں پر ہلکا سا لگائیں اس سے سر میں درد نہیں ہوگا۔

مٹی کی ہانڈی مضبوط بنانے کے لئے

مٹی کی ہانڈی پر بغیر دھوئے اندر باہر سرسوں کا تیل لگا کر پورا دن کے لئے دھوپ میں رکھ دیں۔ دوسرے دن اسے دھو کر استعمال کریں ہانڈی مضبوط ہو جائے گی۔

مٹر محفوظ کرنے کے لئے

زیادہ تعداد میں مٹر محفوظ کرنے کے لئے انہیں چھیلیں۔ ایک دیگچی میں پانی اُبالیں' اس میں ایک کھانے کا چمچ سفید سرکہ اور ایک کھانے کا چمچ چینی ڈالیں اور فوراً ہی مٹر چھان لیں۔ انہیں ایئر ٹائٹ تھیلیوں میں بھر کر رکھیں اور سال بھر مزے سے پکائیں۔

نیل پالش کے داغ دُور کرنے کے لئے

اگر کسی کپڑے پر نیل پالش کا داغ لگ جائے تو اسے پہلے نیل پالش ریموور سے مٹائیں۔ اسی جگہ پر میٹھا سوڈا لگا کر تھوڑی دیر رکھ دیں' پھر صاف پانی سے دھولیں۔

سُوکھے ہونٹ تروتازہ بنانے کے لئے

اگر ہونٹ زیادہ سُوکھتے ہوں تو بالائی' عرق گلاب اور گلیسرین ہم وزن لے کر انہیں رات کو سوتے وقت لگائیں۔ جلد ہی ہونٹ تروتازہ ہو جائیں گے۔

ناخن کھانے کی عادت چھڑانے کے لئے

بعض لوگ ذہنی دباؤ کا شکار ہو کر ناخن کھانے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ اس عادت کو چھڑانے کے لئے ناخنوں پر نیم کا عرق لگالیں۔ اب جب بھی آپ ہاتھ منہ میں لے جائیں گے تو کڑواہٹ محسوس کر کے ہاتھ ہٹالیں گے۔ چند ہی دنوں میں ناخن چبانے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

دانت آرام سے نکلنے کے لئے

توے کو اچھی طرح سے دھو کر چولہے پر رکھیں' سہاگے کا ایک ٹکڑا اس پر رکھیں تو جیسے ہی گرم ہوگا سہاگہ جل جائے گا' چولہا بند کر دیں۔ 3 کھانے کے چمچے شہد لیں اس میں لکڑی کی تیلی کی مدد سے سہاگے کا ٹکڑا ڈال دیں۔ دن میں 3 سے 4 مرتبہ انگلی کی مدد سے بچے کے مسوڑھوں پر لگائیں۔ اس سے بچے آسانی سے دانت نکالیں گے اور موٹے بھی ہوں گے۔

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com
www.paksociety.com

SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS

WWW.PAKSOCIETY.COM
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
www.paksociety.com
SCANNED BY FAMOUSURDUNOVELS